THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

25th June, 2023

Page No 3

# صدر علوی کی سوئی ناردرن کو صارف سے معافی مانگنے اور بل کی درستگی کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف ایس این جی پی ایل کی اپیل مسترد کر دی اور سوئی ناردرن گیس کو صارف طاہر حسین سے معافی مانگنے اور بل کی درستگی کی ہدایت کی ہے۔ ایوان صدر کے مطابق کمپنی نے شہری کی رہائش گاہ پر ایک گیز نصب کیا مگر دو گیزروں کا غلط بل بھیج دیا گیا۔ کمپنی کے ٹھیکیدار نے کاغذات میں دو گیزر لکھ دیئے۔ تصدیقی عمل میں ہیرا پھیری کیلئے اپنا رابطہ نمبر فراہم کیا۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا ٹھیکیدار فراڈ کرنے کے بعد فرار ہو گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ شرمناک امر ہے کہ انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی کو نظر انداز اور عوام کو ہراساں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نااہلی اور ملی بھگت کی وجہ سے معاملے کی تفتیش کی بجائے کمپنی غیر قانونی اقدام کا دفاع کر کے عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے، معاملے کی انکوائری کی جائے، ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔

DAILY NAWA-I-WAQT
RAWALPINDI
ISLAMABAD

روزنامہ نوائے وقت

25th June, 2023

Page No Back Page

## صدر مملکت کی سوئی ناردرن گیس کو صارف سے معافی مانگنے اور بل درستگی کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی): صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سوئی ناردرن گیس کو صارف سے معافی مانگنے اور بل کی درستگی کی ہدایت کی ہے۔ ہفتہ کو ایوان صدر میڈیا ونگ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق کمپنی نے

شہری کی رہائش گاہ پر ایک گیز ر نصب کیا مگر دو گیزر وں کا غلط بل بھیج دیا گیا۔ کمپنی کے ٹھیکیدار نے کاغذات میں دو گیزر لکھ دیے۔ تصدیقی عمل میں ہیرا پھیری کیلئے اپنا رابطہ نمبر فراہم کیا۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا ٹھیکیدار فراڈ کرنے کے بعد فرار ہو گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ شرمناک امر ہے کہ انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی کو نظر انداز اور عوام کو ہراساں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نا اہلی اور ملی بھگت کی وجہ سے معاملے کی تفتیش کی بجائے کمپنی غیر قانونی اقدام کا دفاع کر کے عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے، معاملے کی انکوائری کی جائے، ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف ایس این جی پی ایل کی اپیل مسترد کر دی۔

دنیا
25th June, 2023
Page No Back Page

# صدر کی گیس کمپنی کو صارف سے معذرت، بل درستی کی ہدایت

## وفاقی محتسب کا فیصلہ برقرار، کمپنی کی اپیل مسترد، معاملہ کی انکوائری کی ہدایت

## انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی نظر انداز، عوام کو ہراساں کر رہی: عارف علوی

اسلام آباد (صباح نیوز) صدرِ مملکت عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف ایس این جی پی ایل کی اپیل مسترد کر دی اور سوئی ناردرن گیس کو صارف سے معافی مانگنے اور بل درست کرنے کی ہدایت کر دی۔ شہری کی رہائش گاہ میں ایک گیز ر لگا تھا مگر 2 گیزروں کا بل بھیج دیا گیا۔ کمپنی کے ٹھیکیدار نے کاغذات میں 2 گیزر لکھ دیئے اور تصدیق میں ہیرا پھیری کیلئے اپنا رابطہ نمبر دیا تھا۔ ٹھیکیدار فراڈ کے بعد فرار ہو گیا تھا۔ شہری کے وفاقی محتسب سے رجوع پر کمپنی کو بدانتظامی اور بل کی درستی کی ہدایت کی گئی۔ کمپنی نے فیصلے کے خلاف صدرِ مملکت کو اپیل دائر کی، عارف علوی نے وفاقی محتسب کا حکم برقرار رکھا اور کمپنی کی اپیل مسترد کر کے کہا یہ شرمناک ہے انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی نظر انداز اور عوام کو ہراساں کر رہی ہے۔ معاملہ کی انکوائری کی جائے اور ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔

Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات
اسلام آباد

25th June, 2023

Page No Back Page

# صدر کی سوئی ناردرن کو معافی مانگنے، بل درستگی کی ہدایت

**وفاقی محتسب کے فیصلے کیخلاف ایس این جی پی ایل کی اپیل مسترد، بلی بھگت کی گئی**

**شہری کی رہائش گاہ پر ایک گیزر نصب کیا مگر دو کا غلط بل بھیج دیا گیا، ٹھیکیدار فرار**

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سوئی ناردرن گیس کو صارف سے معافی مانگنے اور بل کی درستگی کی ہدایت کی ہے۔ ہفتہ کو ایوان صدر میڈیا ونگ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق کمپنی نے شہری کی رہائش گاہ پر ایک گیزر نصب کیا مگر دو گیزروں کا غلط بل بھیج دیا گیا۔ کمپنی کے ٹھیکیدار نے کاغذات میں دو گیزر لکھ دیے۔ تصدیقی عمل میں ہیرا پھیری کیلئے اپنا رابطہ نمبر فراہم کیا۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا ٹھیکیدار فراڈ کرنے کے بعد فرار ہو گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ شرمناک امر ہے کہ انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی کو نظر انداز اور عوام کو ہراساں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نااہلی اور ملی بھگت کی وجہ سے معاملے کی تفتیش کی بجائے کمپنی غیر قانونی اقدام کا دفاع کر کے عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے، معاملے کی انکوائری کی جائے، ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔

روزنامہ 92 نیوز

The Daily 92 News

25th June, 2023

Page No Back Page

# گیس کمپنی غلط بل بھجوانے پر صارف سے معافی مانگے: صدر

## کمپنی میں بدعنوانی کو نظرانداز کرنا شرمناک، انکوائری کی جائے: عارف علوی

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت عارف علوی نے سوئی ناردرن گیس کو صارف سے معافی مانگنے اور بل کی درستگی کی ہدایت کی ہے۔ گزشتہ روز ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق کمپنی نے شہری طاہر حسین کی رہائش گاہ پر ایک گیزر نصب کیا، کمپنی کے ٹھیکیدار نے کاغذات میں دو گیزر لکھ دیئے اور دو گیزروں کا غلط بل صارف کو بھجوا دیا، تصدیقی عمل میں ہیرا پھیری کیلئے اپنا رابطہ نمبر فراہم کیا، ایس این جی پی ایل کا ٹھیکیدار فراڈ کرنے کے بعد فرار ہوگیا۔ صدر نے کہا کہ شرمناک امر ہے کہ انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی کو نظرانداز اور عوام کو ہراساں کر رہی ہے اور ملی بھگت کی وجہ سے معاملے کی تفتیش کی بجائے کمپنی غیر قانونی اقدام کا دفاع کر کے عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے۔ صدر نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف ایس این جی پی ایل کی اپیل مسترد کرتے ہوئے کہا کہ معاملے کی انکوائری کی جائے، ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ صدر نے اپنے حکم میں کہا کہ ٹھیکیدار سوئی گیس کے عملے کی ملی بھگت کے بغیر فراڈ نہیں کر سکتا تھا، اگر ٹھیکیدار ملی بھگت کے بغیر فراڈ کرتا تو کمپنی کارروائی کرتی جو کہ نہیں کی گئی، کمپنی شکایت کنندہ کو معافی نامہ جمع کرائے، معاملے کی اصلاح کرے۔

روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD

25th June, 2023

Page No Back Page

# گیس کمپنی صارف کا بل درست، معافی مانگے، صدر علوی

## صدر نے وفاقی محتسب کا حکم برقرار رکھتے ہوئے کمپنی کی اپیل مسترد کردی

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سوئی ناردرن گیس کو صارف سے معافی مانگنے اور بل کی درستگی کی ہدایت کی ہے۔ ہفتہ کو ایوان صدر میڈیا ونگ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق کمپنی نے شہری کی رہائش گاہ پر ایک گیزر نصب کیا مگر دو گیزروں کا غلط بل بھیج دیا گیا۔ کمپنی کے ٹھیکیدار نے کاغذات میں دو گیزر لکھ دیئے۔ تصدیقی عمل میں ہیرا پھیری کیلئے اپنا رابطہ نمبر فراہم کیا۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا ٹھیکیدار فراڈ کرنے کے بعد فرار ہو گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ شرمناک امر ہے کہ انتظامیہ کمپنی کے اندر بدعنوانی کو نظر انداز اور عوام کو ہراساں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نااہلی اور ملی بھگت کی وجہ سے معاملے کی تفتیش کی بجائے کمپنی غیر قانونی اقدام کا دفاع کر کے عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے، معاملے کی انکوائری کی جائے، ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف ایس این جی پی ایل کی اپیل مسترد کر دی۔ شہری طاہر حسین (شکایت کنندہ) نے وفاقی محتسب کو شکایت درج کروائی تھی کہ کمپنی کے اہلکار نے گھر میں ایک گیزر لگایا اور بتایا کہ ادائیگی قسطوں میں ہوگی۔ گیس کمپنی نے صارف کو ایک کی بجائے دو سولر گیزر کا بل جاری کر دیا اور صارف کو بتایا گیا کہ دستاویزات کے مطابق رہائش گاہ پر دو گیزر نصب ہیں۔ اس کے علاوہ صارف کو بتایا گیا کہ ٹھیکیدار شفقت نے گیزر لگایا جو دھوکہ دہی کے بعد فرار ہو گیا ہے۔ پولیس نے کمپنی کا اندرونی معاملہ قرار دیتے ہوئے کیس میں کوئی مداخلت نہ کی جس پر شہری نے محتسب سے رجوع کیا جس نے کمپنی کو بدانتظامی اور بل کی اصلاح کی ہدایت کی۔ کمپنی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف صدر مملکت کو اپیل دائر کی۔ صدر مملکت نے وفاقی محتسب کا حکم برقرار رکھتے ہوئے کمپنی کی اپیل مسترد کر دی۔ صدر مملکت نے اپنے حکم میں کہا کہ ٹھیکیدار سوئی گیس کے عملے کی ملی بھگت کے بغیر فراڈ نہیں کر سکتا تھا، اگر ٹھیکیدار ملی بھگت کے بغیر فراڈ کرتا تو کمپنی کارروائی کرتی جو کہ نہیں کی گئی، کمپنی کے نمائندے نے کیس کی تفصیلات میں گئے بغیر غیر قانونی کارروائی کا دفاع کیا، کمپنی اپنے ہی طریقہ کار پر عمل کرنے میں ناکام رہی جو کہ بدانتظامی ہے، اوگرا کے قوانین کی خلاف ورزی میں شکایت کنندہ کو زائد بل دیا گیا، کمپنی شکایت کنندہ کو معافی نامہ جمع کرائے، معاملے کی اصلاح کرے۔